2-Nov-09

پریس ریلیز

کراچی (پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل بغیر نمود و نمائش کے بڑے بڑے کام انجام دے رہا ہے۔ ہمیں یقیناً اسکی آواز بن کر اس کے پیغام کو اجاگر کرنا ہوگا۔ یہ بات حق پرست رکنِ قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام عید الفطر کے بعد ہونے والی شادیوں میں تقسیم جہیز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل نے رواں سال عید الفطر کے بعد ہونے والی تقریباً 160 بچیوں کی شادی میں 19 لاکھ روپے مالیت کا سامان ضروریات زندگی اور 5 لاکھ 60 ہزار روپے کا کھانا فراہم کیا۔ خوش بخت شجاعت نے اس بات پر زور دیا کہ یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہم عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل جیسے اداروں کی آواز بن کر ان کا پیغام معاشرے تک پہنچائیں۔ انہوں نے بچیوں کے والدین کو نصیحت کی کہ وہ اس سامان سے بچیوں کی شادی کا فریضہ انجام دینے کے ساتھ ساتھ ان بچیوں کو تربیت کے زیور سے ضرور آراستہ کریں تاکہ یہ بچیاں اپنے گھروں کو احسن طور سے بسا سکیں اور آگے چل کر معاشرے کیلئے اچھی مائیں ثابت ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل مریضوں کے مفت علاج، طلباء کی تعلیم اور بچیوں کی شادی جیسے اہم مسائل کو عرصہ دراز سے حل کر رہا ہے جس سے معاشرے میں توازن قائم ہے۔ حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت نے کہا کہ مخیّر حضرات آگے آئیں اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ان فلاحی کاموں کو انجام دینے کیلئے اپنا دست تعاون کشادہ کریں۔

انہوں نے وطن عزیز کو درپیش مسائل کا بھی ذکر کیا اور اللہ تعالی سے دعا کی کہ وہ پاکستان کو امن وسکون کا گہوارہ بنادے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر تعلقات عامہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ شکیل دہلوی نے رواں سال بچیوں کی شادی پر ہونے والے اخراجات کا جائزہ پیش کیا جبکہ ڈائریکٹر فنانس ریحان یاسین اور جنرل سیکریٹری شمیم احمد چاندنہ نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

#